انتیسویں دعا

# طلب رزق کے سلسلہ آپ کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ ابْتَلَيْتَنَا فِيْۤ اَرْزَاقِنَا بِسُوْٓءِ الظَّنِّ وَ فِيْۤ اٰجَالِنَا بِطُوْلِ الْاَمَلِ حَتّٰى الْتَمَسْنَا اَرْزَاقَکَ مِنْ عِنْدِ الْمَرْزُوْقِيْنَ وَ طَمِعْنَا بِاٰمَالِنَا فِيْۤ اَعْمَارِ الْمُعَمَّرِيْنَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ هَبْ لَنَا يَقِيْنًا صَادِقًا تَكْفِيْنَا بِهٖ مِنْ مَؤُوْنَةِ الطَّلَبِ وَ اَلْهِمْنَا ثِقَةً خَالِصَةً تُعْفِيْنَا بِهَا مِنْ شِدَّةِ النَّصَبِ وَاجْعَلْ مَا صَرَّحْتَ بِهٖ مِنْ عِدَتِکَ فِيْ وَحْيِکَ وَ اَتْبَعْتَهٗ مِنْ قَسَمِکَ فِيْ كِتَابِکَ قَاطِعًا لِاهْتِمَامِنَا بِالرِّزْقِ الَّذِيْ تَكَفَّلْتَ بِهٖ وَ حَسْمًا لِلْاِشْتِغَالِ بِمَا ضَمِنْتَ الْكِفَايَةَ لَهٗ فَقُلْتَ وَ قَوْلُکَ الْحَقُّ الْاَصْدَقُ وَ اَقْسَمْتَ وَ قَسَمُکَ الْاَبَرُّ الْاَوْفٰى وَ فِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَ مَا تُوْعَدُوْنَ ثُمَّ قُلْتَ فَوَ رَبِّ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِثْلُ مَا اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ.

۱۔ اے اللہ! تو نے رزق کے بارے میں بے یقینی سے اور زندگی کے بارے میں طول امل سے ہماری آزمائش کی ہے۔ یہاں تک کہ ہم ان سے رزق طلب کرنے لگے جو تجھ سے رزق پانے والے ہیں اور عمر رسیدہ لوگوں کی عمریں دیکھ کر ہم بھی درازی عمر کی آرزوئیں کرنے لگے۔

۲۔ اے اللہ! محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور ہمیں ایسا پختہ یقین عطا کر جس کے ذریعہ تو ہمیں طلب و جستجو کی زحمت سے بچا لے اور خالص اطمینانی کیفیت ہمارے دلوں میں پیدا کر دے جو ہمیں رنج و سختی سے چھڑا لے

۳۔ اور وحی کے ذریعہ جو واضح اور صاف وعدہ تو نے فرمایا ہے اور اپنی کتاب میں اس کے ساتھ ساتھ قسم بھی کھائی ہے، اسے اس روزی کے اہتمام سے جس کا تو ضامن ہے سبکدوشی کا سبب قرار دے اور جس روزی کا ذمہ تو نے لیا ہے، اس کی مشغولیتوں سے علیحدگی کا وسیلہ بنا دے۔ چنانچہ تو نے فرمایا ہے اور تیرا قول حق اور بہت سچا ہے۔ اور تو نے قسم کھائی ہے اور تیری قسم سچی اور پوری ہونے والی ہے کہ ”تمہاری روزی اور وہ کہ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے آسمان میں ہے۔“ پھر تیرا ارشاد ہے: ”زمین و آسمان کے مالک کی قسم! یہ امر یقینی و قطعی ہے جیسے یہ کہ تم بول رہے ہو۔“

urdu.duas.org